احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 213029
C.P.L 61

# الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

ہفتہ 4 اگست 2001ء 13 جمادی الاول 1422 ہجری - 4 ظہور 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 175

## قناعت اور شکر گزاری

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

**قناعت اختیار کر تو سب سے بڑا شکر گزار بن جائے گا**

(سنن ابن ماجہ کتاب الزھد باب الورع حدیث 4207)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جب تم اپنی دنیوی آنی اور فانی ضروریات میں اس طرح کا انہماک اور استغراق پیدا کرتے ہو تو خدا تعالیٰ سے منہ پھیر لینا اور اس کی رضا جوئی اور خوشنودی کے حصول کے واسطے کوشش نہ کرنا اور خدا تعالیٰ سے منہ پھیر لینا بھلا کس عقلمندی کا کام ہے وہ خدا جس نے ابتداء میں پیدا کیا اور درمیانی حالات بھی اس کے قبضہ اور تصرف میں ہیں اور انجام کار بھی اسی کی حکومت اور اسی سے واسطہ پڑے گا۔ اس خدا سے فارغ محض اور غافل ہو جانا اس کا نتیجہ ہرگز خیر نہیں ہو سکے گا۔ وہ خدا جس کے انعامات انسان کے ساتھ ہر حال میں شامل رہتے ہیں اور وہ بے شمار اور بے اندازہ احسانات ہیں اسی کا شکر کرتے رہنا بہت ضروری ہے۔ شکر اسی کو کہتے ہیں کہ سچے دل سے اقرار کرے کہ واقعی اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ایسی ہیں کہ بے شمار اور بے اندازہ ہیں۔

(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 643)

## اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور نعمتوں کا شکر بجالانا ضروری ہے

(حضرت خلیفۃ المسیح الثانی)

تحدیث نعمت دو طرح ہوتی ہے۔ ایک اس طرح کہ انسان علیحدگی میں اللہ تعالیٰ کے احسانات کا شکر ادا کرے اور اس کے پیہم فضلوں کو دیکھ کر سجدات شکر بجالائے اور زبان کو اس کی حمد سے تر رکھے۔ دوسرا طریق تحدیث نعمت کا یہ ہوتا ہے کہ لوگوں میں اللہ تعالیٰ کے احسانات کا ذکر کیا جائے اور انہیں بتایا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے کتنا بڑا فضل کیا۔ فرماتا ہے ہم نے جو نعمتیں تجھے عطا کی ہیں ان سے خود بھی فائدہ اٹھاؤ اور اپنے جسم پر ان کے آثار کو ظاہر کرو اور کچھ حصہ صدقہ و خیرات کے طور پر لوگوں میں بھی تقسیم کرو (-) الٰہی حکم یہی ہے کہ امابنعمۃ ربک فحدث انسان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو بھی نعمت ملے وہ اس سے خود بھی فائدہ اٹھائے اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائے۔ کاہنوں کی طرح ان نعمتوں کو رد نہ کرے۔ اس آیت کے روحانی لحاظ سے یہ معنے ہوں گے کہ ہم نے جو تعلیم تجھے عطا کی ہے اس پر خود بھی عمل کرو اور دوسروں سے بھی عمل کراؤ۔

(تفسیر کبیر جلد نہم ص 109ء110)

تم اگر میری نعمتوں کی قدر کرو گے تو میں تم پر انعام زیادہ کروں گا۔ یہاں تاکید فرمائی ہے۔ کہ میں ضرور تمہاری نعمتوں کو زیادہ کروں گا۔ یہ فطرت انسانیہ سمجھائی ہے۔ ہر ایک انسان اپنے نفس میں سمجھ سکتا ہے کہ اگر وہ کسی پر انعام کرے اور وہ آگے سے انعام کی بے قدری کرے تو پھر انسان اس پر کبھی انعام نہ کرے گا اور اسے کچھ نہ دے گا۔ اگر انسان کسی کو کپڑے دے اور وہ وہیں اس کے سامنے اسے چیر پھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دے یا کھانے کی چیز دے اور وہ کتے کے آگے پھینک دے۔ یا دودھ دیا اور اس نے پھینک دیا اور انعام کی بے قدری کی تو پھر اسے انعام دینے کو جی نہیں چاہتا۔ اور انسان پھر دوبارہ اس پر انعام نہیں کرے گا انسان تو اگر انسان کی بے قدری ہوتے دیکھے تو جس پر انعام کرے اس سے سب انعام چھین لیتا ہے اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کے انعاموں کی بے قدری کرے تو اللہ تعالیٰ چونکہ رب العالمین ہے ہمارے تو حوصلے پست ہوتے ہیں اس لئے سب انعام اس سے چھین لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جس نعمت کی ناقدری دیکھے وہی اس سے چھینتا ہے اور صرف اس کی سزا دیتا ہے جس کا خلاف ہو۔

انعامات دو قسم کے ہوتے ہیں جسمانی اور روحانی۔ جسمانی انعامات میں سے آنکھ کو لے لو۔ جو شخص کہ آنکھ سے کام نہ لے اور اسے استعمال میں نہ لائے تو آنکھ ناکارہ ہو جاتی ہے اور تباہ ہو جاتی ہے پھر وہ کبھی کام نہیں دے سکتی۔ بعض ہندو لوگ ہاتھوں کو سکھا دیتے۔ ان سے کام نہیں لیتے اور ان کو یونہی کھڑا رکھتے ہیں تو وہ ہاتھ سوکھ کر نکمے ہو جاتے ہیں۔ غرض انسان جس عضو سے کام لیوے وہ ترقی کرتا ہے اور جسے بیکار چھوڑ دے وہ نکما ہو جاتا ہے جس طرح انسان کے ظاہری اعضاء کے ساتھ معاملہ ہے ایسے ہی روحانی اعضاء کا معاملہ ہے ہر ایک عضو کے دو کام ہوتے ہیں۔ روحانی اور جسمانی۔ اگر کوئی آدمی عقل سے کام نہ لے تو اس کی عقل ماری جاتی ہے اور جو حافظہ سے کام نہ لے اس کا حافظہ نکما ہو جاتا ہے ایسے ہی جو شخص دانائی سے کام نہ لے تو اس کا بھی یہی حال ہو گا۔ اسی طرح اگر کوئی شخص قرآن کریم کو نہ پڑھے اور اگر وہ قرآن کریم کی ایک آیت کو بھی غور سے نہ دیکھے اور اسے سمجھنے کی کوشش نہ کرے تو وہ روحانی معاملات کے سمجھنے سے قاصر رہتا ہے ایسے لوگ جو قرآن کریم کے سمجھنے میں اپنے افکار سے کام نہ لیں اور اس کو سمجھنے کی کوشش نہ کریں تو ایسے لوگوں کے دلوں پر مہر ہو جاتی ہے اور وہ کچھ سمجھ نہیں سکتے۔ اور جس طرح ظاہری اعضاء کو کام میں نہ لایا جائے تو وہ بیکار ہو جاتے ہیں ایسے ہی ان کے دل کی آنکھوں پر پردے پڑ جاتے ہیں اور ان کے دل کی بینائی ماری جاتی ہے اور بالکل ضائع ہو جاتی ہے اور ان کے کانوں میں بوجھ پڑ جاتے ہیں وہ کچھ نہیں سن سکتے۔ اور ان کو سزا دی جاتی ہے اور انہیں سخت عذاب ہو گا اور جو ایمان لے آتا ہے اور ماننے اور ہدایت کو قبول کرنے کے لئے تیار رہتا ہے اسے تو اور زیادہ انعام ملتے ہیں اور وہ کامیاب و مظفر و منصور ہوتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناقدری کرتا ہے اور وہ کفر کرتا ہے تو اس سے وہ نعمتیں چھین لی جاتی ہیں اور اسے عذاب ملتا ہے۔

(خطبات جمعہ جلد اول ص 24-23)

## یوم تحریک جدید

امراء و صدر صاحبان کی خدمت میں گزارش ہے کہ 7 ستمبر 2001ء بروز جمعۃ المبارک یوم تحریک جدید منانے کا اہتمام فرمائیں۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

## ہومیو پیتھک علمی نشست

احمدیہ ہومیو پیتھک میڈیکل ریسرچ ایسوسی ایشن پاکستان ربوہ کے زیر اہتمام نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ کے ہال میں 14-اگست 2001ء بروز منگل نماز عصر کے فوراً بعد ایک ہومیو پیتھک علمی نشست بعنوان ''امراض گردہ'' منعقد کی جا رہی ہے فیصل آباد کے معروف ہومیو فزیشن پروفیسر ڈاکٹر محمد عالم صابری ایم ایس سی، پی ایچ ڈی (پتھالوجی) سابق چیئرمین ویٹرنری پتھالوجی ڈیپارٹمنٹ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد خصوصی خطاب فرمائیں گے۔ دلچسپی رکھنے والے حضرات و خواتین سے پابندی وقت کے ساتھ شرکت کی گزارش ہے۔

(صدر ہومیو پیتھک میڈیکل ریسرچ ایسوسی ایشن پاکستان ربوہ)

## جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے انٹرویو

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے انٹرویو مورخہ 18-اگست 2001ء بروز ہفتہ بوقت 7-00 بجے صبح ہو گا۔ انشاء اللہ

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

# عرفانِ حدیث نمبر 84

مرتبہ: عبدالسمیع خان

## طیب کمائی میں سے صدقہ

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

جس نے اپنی طیب کمائی سے اللہ کی راہ میں ایک کھجور بھی خرچ کی (اور اللہ تعالیٰ صرف طیب چیزیں ہی قبول کرتا ہے) تو اللہ تعالیٰ اس کھجور کو دائیں ہاتھ سے قبول فرمائے گا۔ پھر اسے صدقہ دینے والے کے لئے بڑھائے گا جیسا کہ تم میں سے کوئی اپنے بچھیرے کی پرورش کرتا ہے یہاں تک کہ وہ کھجور پہاڑ جتنی ہو جائے گی۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب لا تقبل صدقة من غلول حدیث نمبر 1321)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں۔

بخاری کتاب الزکوٰۃ، حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے پاک کمائی میں سے ایک کھجور بھی اللہ کی راہ میں دی اور اللہ پاک چیز ہی کو قبول فرمایا کرتا ہے یقیناً اللہ اس کھجور کو دائیں ہاتھ سے قبول فرمائے گا۔ اب دائیں ہاتھ سے کسی چیز کو لینا یا دینا جس کا مطلب یہ ہے کہ بہت خوشی اور دلی طمانیت کے ساتھ ایک چیز کو آپ کریں تو دایاں ہاتھ بڑھا کر چیز کو وصول کرتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ کے جب ہاتھ کی بات ہوتی ہے تو یہ ہرگز ہاتھ مراد نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا رجحان، اس کا جذبہ ہے اور جب جذبہ کہتے ہیں تو پھر بھی عام جذبہ انسانی مراد نہیں تو یہ تمہیدیں مجبوراً کرنی پڑتی ہیں کہ اللہ اور انسانی صفات میں بہت فرق ہے لیکن باتیں ہم انسانی صفات کے حوالے سے ہی کرتے ہیں اور آنحضرت ﷺ نے بھی ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی پیاری پیاری باتیں انسانی صفات کے حوالے سے کی ہیں تاکہ انسان ان کو سمجھ بھی تو سکیں ورنہ اللہ کی صفات کی تفصیلات بیان کرتے تو کوئی بھی نہ سمجھ سکتا۔ اس تمہید کے ساتھ اب پھر دوبارہ سن لیجئے۔ آنحضورؐ فرماتے ہیں کہ جو ایک کھجور بھی اللہ کے حضور پیش کرے اللہ اسے دائیں ہاتھ سے قبول کرتا ہے پھر اسے اس کے دینے والے کے لئے بڑھا دیتا ہے جیسا کہ تم میں سے ایک اپنے چھوٹے سے بچھیرے کی پرورش کرتا ہے، اسے بڑا کرتا ہے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ اس کھجور کو جو بالکل معمولی ہوتی ہے اس کو بڑھانا شروع کر دیتا ہے اور اس طرح بڑھاتا ہے جیسے چھوٹا سا بچھیرا تمہیں ملے اور تم اس کی پرورش کرو، اسے بڑھا لو۔ مگر وہ تو ایک حد تک ہی بڑھ سکتا ہے۔ ایک مضبوط توانا بیل بن جائے گا اس سے زیادہ تو نہیں ہو سکتا۔ مگر جب اللہ پرورش پر آتا ہے تو فرمایا کہ یہاں تک کہ وہ کھجور پہاڑ جتنی ہو جائے گی۔

یعنی اللہ تعالیٰ کی عطا کی نسبت کے لئے کیسی پیاری حدیث ہے۔ انسانی عطا کے مقابل پر اللہ کی عطا کو دیکھنا ہو تو یہ مضمون ہے جس کو پیش نظر رکھنا چاہئے اور اس پہلو سے سب چندہ دہندگان کو جو بڑھتے ہیں خواہ انہوں نے چند روپے ہی پیش کئے ہیں، بہت بہت مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ انشاء اللہ ان کے اموال میں بھی برکت ڈالے گا اور روحانی جزا میں تو لامتناہی برکتیں ہیں۔

ایک حدیث قدسی ہے، صحیح مسلم سے لی گئی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے ابن آدم تو دل کھول کر خرچ کر۔ حدیث قدسی سے مراد وہ کلام ہے جو رسولؐ اللہ کو اللہ تعالیٰ نے براہ راست سنایا اور قرآن کریم کے علاوہ بھی مسلسل آپ پر وحی ہوا کرتی تھی۔ وحی قرآن الگ چیز ہے اور وحی کا مسلسل جاری رہنا ایک الگ مضمون ہے۔ تو ایسی وحی جس کا ذکر آنحضرت ﷺ اپنے الفاظ میں بیان کرتے ہیں اس کو حدیث قدسی کہا جاتا ہے۔ تو حدیث قدسی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے ابن آدم تو دل کھول کر خرچ کر جس کے نتیجے میں اللہ بھی تجھ پر خرچ کرے گا۔ (صحیح مسلم کتاب الزکوٰۃ) اب وہ کتنا خرچ کرے گا، نسبت کی بات ہے۔ آدم جتنا بھی چاہے دل کھول کر خرچ کرے اللہ کو ہرا نہیں سکتا اس لئے جب وہ دل کھول کے خرچ کرے گا تو اسی محاورے کے لحاظ سے اللہ بھی پھر دل کھول کر خرچ کرے گا اور کھجور تو بہرحال بڑھے گی۔ اگر دل کھول کر دیا ہے تو وہ اندازہ کریں کہ کیا کچھ بڑھ جائے گا۔ اور ہمارا تجربہ ہے کہ یہ بڑھنا صرف آخرت سے مقدر نہیں ہے اس دنیا میں بھی بڑھتا ہے کیونکہ اس دنیا میں بڑھنے کے نتیجے میں مومنوں کا آخرت پر ایمان بڑھتا ہے۔ ان کو کامل یقین ہوتا ہے کہ جس نے دنیا میں وعدہ پورا کر دیا ہے وہ آخرت میں کیوں وعدہ نہیں پورا کرے گا۔

(روزنامہ الفضل ربوہ 12/اپریل 99ء)

## زندگی کا اک نیا انداز "تحریک جدید"

زندگی کا اک نیا انداز "تحریک جدید"
قدرتِ ثانی کا اک اعجاز "تحریک جدید"

ظلمتوں کے دور سے دنیا کو پھر بخشی نجات
مایۂ صد افتخار و ناز "تحریک جدید"

تپتے صحراؤں میں گونجی ہے صدائے لا الٰہ
نعرۂ تکبیر کی دمساز "تحریک جدید"

عزمِ راسخ، شوقِ پیہم عالمِ دیوانگی
ہیں رحیلِ کارواں کے ساز "تحریک جدید"

رنگ لائے گا کبھی تو جانثاروں کا لہو
پھر دکھائے گی کوئی اعجاز "تحریک جدید"

احسن اسماعیل صدیقی

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد۔ مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

# منہ کی تکالیف اوران کا موثر علاج

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کی کتاب ''ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل'' کی روشنی میں

مرتبہ: ہومیو ڈاکٹر نصیر احمد شریف صاحب

قسط نمبر 1

### ایڈرینالین
### Adrenalin

انتڑیوں کے فعل کی رفتار سست ہو جاتی ہے، منہ خشک رہتا ہے۔اس کے محلول میں شریانوں کے اردگرد کے عضلات کو سکیڑنے کی صلاحیت موجود ہے۔(ص 19)

### ایسکولیس ہیپوکاسٹینم
### Aesculus Hippocastanum

منہ کا ذائقہ دھات کی طرح کسیلا، لعاب لیس دار، زبان پر سفید یا زرد موٹی تہہ اور منہ میں تھوک کی زیادتی ایسکولیس کی نمایاں علامتیں ہیں۔ (ص 27)

### ایتھوزا
### Aethusa Cynapium

چہرے پر سرخ نشان ظاہر ہو جاتے ہیں۔ جبڑے کی ہڈیوں میں درد اور کھچاؤ محسوس ہوتا ہے۔منہ خشک اور زبان لمبی محسوس ہوتی ہے۔ (ص 27)

### امونیم کارب
### Ammonium Carb

کالے رنگ کا پتلا خون بہتا ہے جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ اندرونی جھلیاں جواب دے گئی ہیں اگر جھلیاں اجواب دے جائیں تو یہ اکثر بیماری کے آخری خطرناک مرحلے کی علامت ہوتی ہے۔ ناک، منہ، گلے، معدے اور انتڑیوں وغیرہ سے خون رسنے لگتا ہے، اگر یہ سیاہ رنگ کا ہو اور کچھ پتلا ہو تو امونیم کارب اس کی بہترین دوا ہے۔ (ص 57)

### آرسینک البم
### Arsenicum Album

آرسینک کے مریض کی پیاس بھی بے چینی کا مظہر ہوتی ہے۔گھونٹ گھونٹ پانی پیتا ہے لیکن پیاس بجھتی نہیں۔اصل میں یہ پیاس ہے ہی نہیں، محض بے چینی ہے جس سے باربار منہ خشک ہوتا ہے۔ جسے تر کرنے کے لئے مریض گھونٹ گھونٹ پانی پیتا ہے۔(ص 94)

### آرم ٹرائی فلم
### Arum Triphyllum

منہ اور حلق میں گھٹن، کچا پن، دکھن اور جلن کا احساس ہوتا ہے، زبان پر سرخی اور دکھن کے علاوہ جلن دار سنسناہٹ بھی پائی جاتی ہے۔اس تکلیف کو عموماً Strawberry Tongue کہا جاتا ہے۔منہ میں زخموں اور چھالوں کی وجہ سے اتنی تکلیف ہوتی ہے کہ پانی پینا بھی دوبھر ہو جاتا ہے اس تکلیف میں آرم ٹرائی فلم غیر معمولی اثر دکھانے والی دوا ہے (ص 107-108)

### بپٹیشیا
### Baptisia

بپٹیشیا میں منہ کے زخم ہوتے ہیں جو گنگرین کی شکل بھی اختیار کر لیتے ہیں اکثر زخموں میں درد نہیں ہوتا البتہ منہ کا مزہ خراب ہو جاتا ہے۔(ص 123)

### بیلاڈونا
### Belladona

بعض دفعہ بیلاڈونا کی پیاس برائی اونیا سے ملتی ہے۔ یعنی بہت شدید پیاس لیکن پانی پینے سے تسکین نہیں ملتی اور بعض دفعہ آرسنک کی طرح منہ خشک ہوتا ہے اور مریض تھوڑا تھوڑا پانی پی کر پیاس بجھانے کی کوشش کرتا ہے۔ آرسنک اور برائی اونیا کی دوسری علامتیں بیلاڈونا سے مختلف ہیں مگر منہ کی خشکی میں تینوں مشترک ہیں۔ (ص 140)

### بربرس ولگرس
### Berberis Vulgaris

بربرس کی ایک علامت یہ ہے کہ منہ میں کوئی چیز چپکنے کا احساس رہتا ہے۔ جھاگ کی طرح چپکنے والا تھوک بنتا ہے۔ زبان پر بہت باریک باریک دانے نکل آتے ہیں اور زبان زخمی ہو جاتی ہے صبح کے وقت متلی محسوس ہوتی ہے اور سینے میں جلن بھی۔(ص 152)

### بوریکس
### Borex

دودھ پلانے والی عورتوں کے منہ میں زخم اور چھالے بن جائیں اور ان کے بچے بھی اس بیماری میں متاثر ہوں تو ان کے لئے یہ بہترین دوا ہے۔ (ص 155)

### بووسٹا
### Bovista

بووسٹا میں منہ اور ناک کے کناروں پر زخم بن جاتے ہیں اور زخموں پر ایک پتلے چھلکے کی طرح تہہ آجاتی ہے نیٹرم میور میں بھی یہ علامت ہے لیکن اس کے زخموں میں کچا پن پایا جاتا ہے اور کوئی تہہ نہیں جمتی۔(ص 157)

### برائی اونیا ایلبا
### Bryonia Alba

منہ خشک ہو جاتا ہے اور زبان لکڑی کی طرح اکڑ جاتی ہے مگر پیاس بالکل نہیں ہوتی۔اس وقت زبان پر زردی مائل تہہ جمنے لگتی ہے۔ یہ اولاً جلسیمیم کی خاص علامت ہے جو شاذ کے طور پر برائی اونیا میں بھی ظاہر ہوتی ہے کینٹ نے بھی یہی لکھا ہے کہ برائی اونیا میں بعض اوقات پیاس بالکل ختم ہو جاتی ہے۔(ص 166)

### کلکیریا فاس
### Calcarea Phosphorica

گلے کے غدود سوج جاتے ہیں اور منہ کھولنے سے درد ہوتا ہے۔(ص 207)

### کیمفر
### Camphora

زبان اور منہ میں ٹھنڈک کا احساس نمایاں مگر ساتھ ہی ایک نہ بجھنے والی پیاس۔(ص 221)

### کینیبس سٹائیوا
### Cannabis Stiva

کینیبس سٹائیوا میں منہ اور گلا خشک ہوتا ہے دم گھٹتا ہے نگلنے میں تکلیف ہوتی ہے۔ مریض سخت تھکاوٹ محسوس کرتا ہے۔ (ص 228)

### کاربوویج
### Carbovegetabilis

منہ میں زخم ہو جائیں اور سفید سفید نشان بن جائیں۔ مسوڑھے خراب ہو جائیں اور دانت ہلنے لگیں تو بشرطیکہ کاربوویج کی دیگر علامتیں موجود ہوں اس بیماری کا بھی یہی علاج ہے۔ (ص 247)

### کاربالک ایسڈ
### Carbolic Acid

کاربالک ایسڈ کے مریض کے منہ کا مزہ بگڑ

جاتا ہے- پیاس مٹ جاتی ہے بھوک کم ہو جاتی ہے-(ص 250)

## کاربونیم سلفیوریٹم
## Carboneum Sulphuratum

منہ کے اندرونی حصے خصوصاً زبان کا بے حس ہونا اس دوا کا نمایاں حصہ ہے- وہ اعصابی ریشے جو جلد یا اندرونی جھلیوں کے قریب ہوں ان کا فالج کاربونیم سلف سے تعلق رکھتا ہے-(ص 253-254)

## کیمومیلا
## Chamomilla

شدید غصہ کے دورہ کے بعد پیٹ میں تشنج کیفیت پیدا ہوتی ہے- بدبودار ڈکار آتے ہیں- گرم اشیاء سے نفرت ہو جاتی ہے، زبان کا رنگ زردی مائل اور منہ کا مزہ کڑوا ہوتا ہے- اگر قے آئے تو وہ بھی کڑوی ہوتی ہے، پیٹ میں بہت بوجھ محسوس ہوتا ہے- یہ سب کیمومیلا کی علامات ہیں- (ص 272)

## چینینم آرس
## Chininum Ars

منہ کی اندرونی جھلیوں سے خون بہنے کا احتمال ہوتا ہے- زبان پر لکیریں ظاہر ہوتی ہیں- کالا، بھورا، سفید اور زرد رنگ زبان پر پایا جاتا ہے- مسوڑھے سوجھے ہوئے، رات مسوڑھوں کو چھوڑنے لگتے ہیں، منہ کا مزہ خراب، اچھے سے اچھا کھانا بھی برا لگتا ہے، نہ ختم ہونے والی پیاس، رات کو دانتوں میں درد اور دانت کٹکٹانے کو دل چاہتا ہے جس کی وجہ سے نیند بے چین ہو جاتی ہے-(ص 285-286)

## سائنا
## Cina

منہ کے اردگرد اور ہونٹوں کے پاس زردی مائل یا نیلے گول گول داغ بن جاتے ہیں-(ص 295)

## سنکونا آفیشی نیلس (چائنا)
## Cinchona Officinalis (China)

منہ کا مزہ کڑوا اور خوراک بھی کڑوی یا ضرورت سے زیادہ نمکین لگتی ہے جس کی وجہ سے مریض خوراک سے نفرت کرتا ہے- دودھ پینے سے معدہ خراب ہو جاتا ہے-(ص 301)

## کاکولس
## Cocculus

کاکولس میں منہ کا ذائقہ دھات کی طرح ہو جاتا ہے جس میں ہلکی سی تیزابیت پائی جاتی ہے-(ص 311)

## کافیا کروڈا
## Coffea Cruda

کافیا کا مریض سردی سے بھی زود حس ہوتا ہے، منہ اور دانتوں کے درد میں برف کا پانی منہ میں رکھنے سے آرام ملتا ہے- دانتوں کا درد اعصابی تکلیف کی وجہ سے ہوتا ہے اس میں کوئی معین قانون نہیں چلتا-(ص 317)

## کالچیکم
## Colchicum

معدے کی تکلیفوں میں اکثر زبان جلتی ہے- دانتوں میں بھی درد ہوتا ہے- منہ خشک اور پیاس بہت لگتی ہے-(ص 319)

## کیوپرم میٹیلیکم
## Cuprum Metellicum

ہونٹوں پر نیلاہٹ ہوتی ہے اور بے ہوشی طاری ہونے پر مریض کے جبڑے سختی سے بند ہو جاتے ہیں اور منہ سے جھاگ نکلتی ہے- ناک میں خون کے شدید دباؤ کا احساس ہوتا ہے، قوت شامہ جاتی رہتی ہے- منہ میں دھات کا مزہ محسوس ہوتا ہے اور بہت تھوک بہتا ہے- زبان مفلوج ہو جاتی ہے اور لکنت کے آثار ظاہر ہو جاتے ہیں زبان سانپ کی زبان کی طرح باہر نکلتی اور سکڑتی ہے-(ص 343)

## سائیکلمن یوروپیم
## Cyclamen Europaeum

سائیکلمن منہ کی خشکی، پیاس کی کمی یا پیشاب کی زیادتی میں جلسیمیم سے مشابہ ہے-(ص 346)

## ڈاسکوریا ولوسا
## Dioscorea Villosa

صبح کے وقت منہ کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے اور زبان پر سفید موٹی تہہ جم جاتی ہے-(ص 356)

## فیرم فاس
## Ferrum Phosphoricum

فیرم فاس کے مریض کے منہ کی جھلیوں اور مسوڑھوں سے اگر خون بہے تو اس کا رنگ سرخ ہوتا ہے اور یہی بات ملی فولیم میں پائی جاتی ہے-(ص 385)

## جلسیمیم
## Gelsemium

اس میں منہ کی خشکی کے باوجود پیاس نہیں ہوتی- سردی لگتے ہی فوراً بیماری کے اثرات ظاہر نہیں ہوتے بلکہ دو تین دن کے بعد علامات ظاہر ہوتی ہیں-(ص 395)

## گلونائن
## Glonoine

گلونائن کے مریض کی زبان سرخی مائل ہوتی ہے اور منہ خشک لیکن پیاس زیادہ نہیں ہوتی-(ص 403)

## گریفائٹس
## Graphitis

منہ سے سڑی ہوئی بدبو آتی ہے اور زبان پر جلن دار چھالے بن جاتے ہیں-(ص 412)

## ھائیڈراسٹس
## Hydrastis

نظام ہضم بہت کمزور پڑ جاتا ہے منہ کا مزہ کڑوا اور زبان سفید ہو جاتی ہے(ص 449)

## ھائیڈروفوبینم
## Hydrofobinum

ہائیڈروفوبینم کے مریض کو نگلنے میں دقت ہوتی ہے- بغیر کچھ کھائے پیئے بھی نگلنے کی کوشش کرتا رہتا ہے- ایسے مریضوں کے منہ میں جھاگ بھی آ جاتی ہے اور مریض مسلسل تھوکتا رہتا ہے-(ص 455)

## ھائیوسمس
## Hyoscyamus

بعض دفعہ بخار کی حالت میں مریض کو دندل پڑ جاتے ہیں اور منہ خشک اور بدبودار ہو جاتا ہے-(ص 460)

## آئرس ٹینکس
## Iris Tenax

آئرس ٹینکس میں منہ میں جلن کا احساس ہوتا ہے زبان، گلے اور منہ کی اندرونی جلد متاثر ہوتی ہے گلا خشک ہو جاتا ہے اور ٹھنڈے پانی سے آرام نہیں آتا-(ص 479)

## آئرس ورسیکولر
## Iris Veresiculor

ناشتے کے بعد چہرہ پر اعصابی درد، زبان اور منہ کے اندر جلنے کا احساس لعاب دہن کوکس (coccus) کی طرح ریشے دار اور تیزاب کی زیادتی کی وجہ سے اوپر سے لے کر نیچے تک تمام نظام ہضم میں جلن پائی جاتی ہے-(ص 483)

## کالی بائیکروم
## Kali Bichromicum

ہونٹوں کے ناسور اور زخموں کے لئے کالی بائیکروم مفید دوا ہے- سسٹس (cistus) بھی ہونٹوں کے زخموں کے لئے مفید ہے خصوصاً نچلے ہونٹ کے السر میں فائدہ دیتی ہے- ڈلکامارا دونوں ہونٹوں کے السر میں مفید ہے-(ص 489)

## کالی میور
## Kali Muriaticum

منہ میں سفید رنگ کے چھالے بنتے ہیں-(ص 503)

## کالی فاس
## Kali Phosphoricum

ٹائیفائیڈ کے نتیجہ میں منہ میں گہرے زخم ہو جاتے ہیں- زبان گندی اور بہت بدبودار ہو جاتی ہے- کالی فاس میں بھی یہ علامت پائی جاتی ہے-(ص 150)

## کالی سلف
## Kali Sulphoricum

ہونٹ کٹے پھٹے ہوتے ہیں- ڈاکٹر کینٹ کے نزدیک اگر ہونٹ پر مسہ بن جائے تو کالی سلف سے فائدہ ہوتا ہے- اپی تھیلیوما (EPITHELIOMA) میں کالی سلف مفید ہے- منہ میں چھالے بن جاتے ہیں- زبان پر لیس دار زرد رطوبت ہوتی ہے-(ص 518)

بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد چوہدری بشارت احمد 2/9 دارالصدر غربی ربوہ گواہ شد نمبر 1 چوہدری محمود احمد وصیت نمبر 26750 گواہ شد نمبر 2 مقبول احمد ولد جلال دین مرحوم 2/9 دارالصدر غربی ربوہ

# اطلاعات و اعلانات

## فضل عمر ہسپتال ربوہ میں فارماسسٹ کی آسامی

فضل عمر ہسپتال میں فارماسسٹ کی آسامی خالی ہے۔ جو امیدوار خدمت خلق کا جذبہ رکھتے ہوں اپنی درخواستیں امیر صاحب ضلع / صدر صاحب محلہ کی تصدیق سے درج ذیل دستاویزات کے ساتھ بنام ایڈمنسٹریٹر ارسال کریں۔

اصل درخواست تصدیق کے ساتھ
کاپی شناختی کارڈ
کاپی سند فارماسسٹ (بی فارمیسی)
کاپی تجربہ ملازمت

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

## سانحہ ارتحال

محترمہ عذرا اقبال صاحبہ اہلیہ محترم اقبال غنی ملک صاحب دارالصدر غربی تحریر کرتی ہیں خاکسارہ کے بڑے بھائی داؤد انور ملک انجینئر جو راولپنڈی میں رہائش پذیر تھے مورخہ 17 جولائی 2001ء بروز بدھ صبح ساڑھے تین بجے تہجد کے وقت راولپنڈی میں حرکت قلب بند ہونے سے انتقال فرما گئے۔ ان کی عمر تقریباً 60 سال تھی۔ مرحوم کی میت راولپنڈی سے ربوہ لائی گئی۔ اور بعد نماز عصر بیت مہدی میں ان کی نماز جنازہ پڑھائی گئی۔ تدفین عام قبرستان میں ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر شکور بھائی چشمے والے نے دعا کرائی۔ مرحوم نے اپنے پیچھے چھ بیٹیاں اور ایک بیٹا چھوڑا ہے سب سے چھوٹی بچی کو وفات کے دن رخصت کرنا تھا چنانچہ مرحوم کی ربوہ میں تدفین کے بعد راولپنڈی میں اس بچی کا رخصتانہ عمل میں آیا۔ مرحوم نہایت ہی شفیق انسان اور بے شمار خوبیوں کے مالک تھے۔ احباب سے درخواست ہے کہ دعا کریں اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو اس سانحہ پر صبر جمیل سے نوازے۔ آمین

## نیلامی ملبہ کوارٹرز

احاطہ صدر انجمن احمدیہ کوارٹر نمبر 59-58-11-10
60-61 کا ملبہ بذریعہ نیلامی مورخہ 8۔ اگست 2001ء کو فروخت کیا جائے گا۔ شرائط نیلامی دفتر سے ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ رقم نقد وصول کی جائے گی۔ ناظم جائیداد کو بولی رد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

(ناظم جائیداد)

## درخواست دعا

مکرم جری اللہ راشد صاحب مربی سلسلہ دنیاپور ضلع لودھراں تحریر کرتے ہیں۔ ہمارے والد محترم مولانا عبدالسلام طاہر صاحب مربی سلسلہ کی وفات پر احباب جماعت نے ہمارے ساتھ بہت ہمدردی کا اظہار کیا اور تعزیت فرمائی۔ اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ نیز جملہ احباب سے درخواست ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمارے والد محترم کے درجات بلند فرمائے اور غم زدہ پسماندگان کو صبر جمیل سے نوازے۔

## گمشدہ سونے کا کڑا

ایک عدد سونے کا کڑا (Bracelet) دارالفتوح سے دارالبرکات کے درمیان راستہ میں کہیں گر گیا ہے۔ جس کسی کو ملا ہو براہ کرم درج ذیل ایڈریس پر اطلاع دیں۔

ملک منیر احمد صدر محلہ دارالفتوح ربوہ فون 211464


EVER SHINE

ڈسٹری بیوٹرز درکار ہیں

Ever Shine انڈسٹریز پاکستان بھر میں اعلیٰ کوالٹی کی مصنوعات واشنگ پاؤڈر Speed اور New Lite انٹرنیشنل ساشے پیک کے علاوہ شو پالش اور لیکوڈ نیل کی طرز پر کئی لانڈری سے متعلقہ مصنوعات متعارف کروا رہی ہے کمپنی کو اپنی مصنوعات کی وسیع تر تقسیم کیلئے پاکستان کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں انتہائی فعال ڈسٹری بیوٹرز درکار ہیں۔




G.P.O.BOX # 780 FAISALABAD
PAKISTAN.
PH: 041-629655 MOB:0303-6704323


# خبریں

ربوہ: 3۔ اگست گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں کم از کم درجہ حرارت 26 زیادہ سے زیادہ 42 درجے سنٹی گریڈ
ہفتہ 4۔ اگست۔ غروب آفتاب: 7-05
اتوار 5۔ اگست۔ طلوع فجر: 3-52
اتوار 5۔ اگست۔ طلوع آفتاب: 5-24

**83۔ اضلاع میں انتخابات** اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کے لئے ملک بھر کے 83 اضلاع میں بلدیاتی انتخابات کا آخری مرحلہ پر امن طریقے سے مکمل ہو گیا۔ نتائج کے مطابق کسی گروپ نے اجتماعی طور پر کامیابی حاصل نہیں کی۔ علاقائی سیاست کے تحت ہونے والے انتخابات کامیاب رہے۔ ضلع اور تحصیل ناظم کے اکثر امیدوار 51 فیصد ووٹ حاصل نہ کر سکے۔ 8۔ اگست کو دوبارہ ہونے والے الیکشن میں پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے امیدوار حصہ لیں گے۔ سادہ اکثریت والا بھی کامیاب قرار پائے گا۔

**کئی مقامات پر دوبارہ الیکشن** پنجاب بھر سے موصول ہونے والے انتخابی نتائج کے مطابق بیشتر مقامات پر کوئی بھی امیدوار 50 فیصد سے زیادہ ووٹ نہیں لے سکا۔ اس طرح ان مقامات پر 8۔ اگست کو دوبارہ ووٹنگ ہوگی۔

**دل چاہتا ہے قاتلوں کو خود گولی ماروں** صدر پاکستان جنرل مشرف نے کہا ہے کہ ملک میں امن وامان کو یقینی بنانے کے لئے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عدالتی نظام کو بہتر بنانا اور معاشرے کو اسلحہ سے پاک کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا پولیس میں ڈاکو بھرتی ہو گئے ہیں ناجائز اسلحہ کے لئے گھر گھر تلاشی ہوگی۔ دل چاہتا ہے بچوں کو باپ کے سایہ سے محروم کرنے والے قاتلوں کو خود گولی ماروں۔

**افغانستان پر پابندیاں یکطرفہ ہیں** وزیر داخلہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے ملک سے اسلحہ کلچر کے خاتمے کا عزم کر رکھا ہے اور ملک میں چھوٹے ہتھیاروں اور اسلحہ پر قابو پانے کے لئے جامع حکمت عملی تشکیل دی ہے۔ انہوں نے کہا افغان بحران کے باعث پاکستان کا اقتصادی اور سماجی شعبہ بری طرح متاثر ہوا ہے اور عالمی سطح پر پاکستان کے وقار کو نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے مزید کہا افغانستان پر پابندیاں یکطرفہ ہیں دوسرا گروپ بھاری اسلحہ اکٹھا کر رہا ہے۔

**بحالی جمہوریت کی ضرورت** امریکہ کی نائب وزیر خارجہ برائے جنوبی ایشیا کرسٹینا روکا نے پاکستان میں جلد از جلد بحالی جمہوریت کی ضرورت پر زور دیا ہے (مسلسل صفحہ 8 پر)

## اعلان داخلہ برائے فرسٹ ایئر کلاس

فیصل آباد بورڈ کے اعلان کردہ شیڈول کے مطابق نیشنل کالج ربوہ میں ICS اور Stat,Math, Eco - F.Sc. اور Math Phy,Stat کے Combinations کے ساتھ داخلہ کے لئے درخواستیں موصول ہونے کی آخری تاریخ 20 اگست ہے۔ داخلہ فارم اور پراسپکٹس دفتری اوقات میں کالج ہذا کے دفتر سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

### داخلہ وانٹرویو کا شیڈول

(1) ICS-21 اگست بروز منگل صبح 9-00 بجے طالبات۔ صبح 11-00 بجے طلباء
(2) F.Sc - 22 اگست بروز بدھ صبح 9-00 بجے طالبات۔ صبح 11-00 بجے طلباء۔

کلاسز کا آغاز یکم ستمبر 2001ء سے ہوگا۔

اگر آپ ریگولر کلاسز کے ساتھ ساتھ اپنی شخصیت کی مجموعی تعمیر اور انگلش بولنے میں مہارت حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں اور ٹیوشن کے اضافی بوجھ سے بچنا چاہتے ہیں تو نیشنل کالج کا انتخاب کیجئے۔ نیز 650 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو فیس میں 50 فیصد رعایت دی جائے گی۔

**نیشنل کالج**

23۔ شکور پارک ربوہ۔ فون 212034

